Open Access
Al-Marjān Research Journal
ISSN(E): 3006-0370
ISSN(P): 3006-0362
al-marjan.com.pk

# Different Types of Aesthetic Surgery in Modern Times: A jurisprudential and Analytical Study

# عصر حاضر میں جمالیاتی سرجری کی مختلف نوعیتیں: فقہی و تجزیاتی مطالعہ


## Authors Details

1. **Pakeeza Arooj**
   M.Phil Scholar, Institute of Arabic and Islamic Studies, Government College Women University, Sialkot, Pakistan.
2. **Dr. Aqsa Tariq** (Corresponding Author)
   Post Doc Research Fellow, Islamic Research Institute, International Islamic University, Islamabad, Pakistan; Lecturer, Institute of Arabic and Islamic Studies, Government College Women University, Sialkot, Pakistan.
   Email: **draqsa444@gmail.com**



## Citation

Arooj, Pakeeza and Dr. Aqsa Tariq. " Different Types of Aesthetic Surgery in Modern Times: A jurisprudential and Analytical Study. "*Al-Marjān Research Journal* 3,no.3, Jul-Sep (2025): 196–208.

## Submission Timeline

**Received:** May 12, 2025
**Revised:** Jun 21, 2025
**Accepted:** Jul 02, 2025
**Published Online:** Jul 15, 2025

## Publication, Copyright & Licensing

Article QR

Al-Marjān Research Center, Lahore, Pakistan.


**© 2023 Al-Marjān Research Center.**
This is an open access article distributed under the terms of the **Creative Commons Attribution 4.0 International License (CC BY 4.0).**

INDEX COPERNICUS INTERNATIONAL | ISSN INTERNATIONAL STANDARD SERIAL NUMBER INTERNATIONAL CENTRE | HJRS HEC Journal Recognition System

# Different Types of Aesthetic Surgery in Modern Times: A jurisprudential and Analytical Study

# عصر حاضر میں جمالیاتی سرجری کی مختلف نوعیتیں: فقہی و تجزیاتی مطالعہ

☆ پاکیزہ عروج ☆ ڈاکٹر اقصیٰ طارق

## Abstract

Allah Almighty has created humans in the finest form, distinguished by unique facial features and physical beauty. Over time, humans have developed various methods to enhance their appearance, leading to the emergence of aesthetic surgery as a distinct medical field. This study explores the different types of aesthetic surgery in the modern era, analyzing their jurisprudential and ethical implications within an Islamic framework. While aesthetic surgery offers opportunities for personal empowerment and improved self-esteem, its permissibility in Islam hinges on necessity and adherence to Shariah principles, as altering Allah's creation without valid reason is discouraged (Qur'an, 4:119). The research traces the historical evolution of cosmetic surgery, from ancient Egyptian and Indian practices to modern microsurgery, highlighting its growing popularity driven by societal pressures and media influence. The study employs a narrative and analytical methodology to determine the boundaries of aesthetic surgery, addressing its psychological, social, and ethical impacts. It emphasizes the need for balanced decision-making, realistic expectations, and thorough consultation to avoid disappointment. Islamic jurists like Mufti Muhammad Shafi and others provide insights into concepts like "changing Allah's creation" and "imitation," guiding the permissibility of such procedures. The findings underscore that aesthetic surgery should align with Islamic ethics, prioritizing medical necessity and personal well-being over vanity. This research aims to define clear limits for aesthetic surgery, ensuring its practice respects both individual aspirations and religious principles.

**Keywords:** Aesthetic Surgery, Cosmetic Surgery, Islamic Jurisprudence, Ethical Boundaries, Self-Esteem, Shariah Principles

## تعارف موضوع

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں بشمول روحانی، معاشرتی، اور جسمانی زیبائش کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ عصر حاضر میں طب کی ترقی نے جمالیاتی سرجری کو ایک اہم شعبہ بنایا ہے، جو ظاہری خوبصورتی کو بڑھانے یا جسمانی نقائص کو درست کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ سرجری خود اعتمادی اور نفسیاتی بہتری کا ذریعہ بن سکتی ہے، مگر اسلامی تعلیمات اسے امانت سمجھتی ہیں اور بغیر شرعی جواز کے جسم میں تبدیلی کو ناپسند کرتی ہیں، جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہے: "وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ" (النساء:119)۔ جمالیاتی سرجری کی تاریخ قدیم مصر اور ہندوستان سے شروع ہوتی ہے، جہاں ناک اور چہرے کی سرجری عام تھی، اور جدید دور میں مائیکرو سرجری نے اسے مزید

☆ ایم فل اسکالر، ادارہ عربی و علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ، پاکستان۔

☆ پوسٹ ڈاک ریسرچ فیلو، اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد، پاکستان؛
لیکچرر، ادارہ عربی و علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ، پاکستان۔

مقبول بنایا۔ آج یہ شعبہ فلمی ستاروں اور مقابلہ حسن کی وجہ سے عروج پر ہے۔ اس تحقیق کا مقصد عصر حاضر میں جمالیاتی سرجری کی اقسام اور شرعی حدود کا تعین کرنا ہے، جو بیانیہ اور تجزیاتی اسلوب پر مبنی ہے، تاکہ اس کے اخلاقی اور نفسیاتی اثرات کو اسلامی تناظر میں سمجھا جاسکے۔

**سابقہ تحقیق کا جائزہ**

جمالیاتی یا پلاسٹک سرجری کا آغاز طب کے میدان میں جسمانی عیوب کو دور کرنے کے لیے ہوا، لیکن وقت کے ساتھ یہ حسن میں اضافے کے لیے استعمال ہونے لگی۔ ابتدائی فقہی ذخیرے میں براہِ راست "کاسمیٹک سرجری" کا ذکر نہیں ملتا، لیکن "تغییرِ خلقِ الله" اور "تشبّہ" جیسے تصورات پر فقہی آراء موجود ہیں۔ مولانا مفتی محمد شفیع صاحب، شیخ، علامہ مفتی محمد عبدالسلام صاحب جیسے محققین نے اس موضوع پر مختلف جہات سے روشنی ڈالی ہے، جیسے انسانی اعضاء کی پیوند کاری[1]، انسانی اعضاء کی پیوند کاری اور اور اسکے شرعی احکام[2].جمالیاتی سرجری کے اخلاقی و نفسیاتی اثرات پر مغربی تحقیقی جریدے جیسے(Australian Journal of Plastic Surgery)۔[3]

**مبحث اوّل: جمالیاتی سرجری کی تفہیم**

**1. جمالیاتی سرجری کے لغوی معنی**

جمالیاتی: یہ لفظ "جمال" سے ماخوذ ہے، جس کے لغوی معنی ہیں خوبصورتی، حسن، زیبائی، دلکشی۔ سرجری: یہ انگریزی لفظ ہے جو طب (Medicine) میں مستعمل ہے، اور اس کے لغوی معنی ہیں آپریشن یا جراحی یعنی جسم کے کسی عضو پر چاقو یا آلات کے ذریعے علاج یا تبدیلی کرنا۔ لہٰذا "جمالیاتی سرجری" کے لغوی معنی ہیں:

"خوبصورتی کے حصول یا اضافہ کے لیے جسم کے کسی حصے پر جراحی (آپریشن) کرنا"[4]۔

**2. جمالیاتی سرجری کے اصطلاحی معنی**

اصطلاحی طور پر "جمالیاتی سرجری" (Cosmetic Surgery / Aesthetic Surgery) سے مراد ہے "ایسی جراحی (surgical procedures) جو جسمانی اعضاء کی بناوٹ، شکل، یا صورت کو بہتر بنانے، خوبصورت دکھانے یا حسن میں اضافہ کرنے کے مقصد سے کی جائے، جمالیاتی سرجری کا بنیادی مقصد خوبصورتی اور دلکشی میں اضافہ ہے، مثلاً ناک کی ساخت بدلنا، ہونٹ موٹے یا باریک کروانا، چہرے پر جھریاں ختم کرنا وغیرہ۔[5]

> *Cosmetic surgery is a branch of plastic surgery that focuses on enhancing a person's appearance through surgical and medical techniques. Its primary*

[1] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*. Karachi: Dār al-Ishā'at, Urdu Bazar, 1438 AH/2017 CE. [Note: This book discusses the permissibility of organ transplantation in Islamic jurisprudence, analyzing the views of various juristic schools in light of the Qur'ān and Sunnah, emphasizing that the human body is a trust from Allah and cannot be altered without Shar'ī permission.]

[2] 'Uthmānī, Muftī Muḥammad Shafī'. *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*. Karachi: Dār al-Ishā'at, Urdu Bazar, 1438 AH/2017 CE. [Note: The author clarifies that human organs and body parts are not owned by individuals for discretionary disposal; thus, a person cannot sell, gift, or destroy them.]

[3] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*. Karachi: Dār al-Ishā'at, Urdu Bazar, 1438 AH/2017 CE. [Note: This article examines the application of Maqāṣid al-Sharī'a in Islamic bioethics, particularly in the context of aesthetic, plastic, and reconstructive surgery, analyzing opinions from various fatwā councils.]

[4] Ibn Manẓūr, Muḥammad ibn Mukarram. *Lisān al-'Arab*. Beirut: Dār Ṣādir, 1416 AH/1995 CE.

[5] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*. Karachi: Dār al-Ishā'at, Urdu Bazar, 1438 AH/2017 CE, 15:191.

*purpose is to improve aesthetic appeal, symmetry, and proportion, rather than to treat disease or restore function after injury*[6].

### مبحث دوم: جمالیاتی سرجری کی اقسام

1. **چہرے کی سرجری (Facial Cosmetic Surgery):** ایسی سرجری یا طبی کارروائیاں جو انسان کے چہرے کی بناوٹ، شکل و صورت، یا خوبصورتی کو بہتر بنانے کے لیے کی جائیں۔ اس کا مقصد عموماً خوبصورتی میں اضافہ، نقوش کو متوازن کرنا، بڑھاپے کے اثرات کم کرنا یا کسی پیدائشی یا حادثاتی نقص کو درست کرنا ہوتا ہے۔
2. **ناک کی بناوٹ یا سائز بدلنا (Rhinoplasty):** لفظی طور پر "Rhino" کا مطلب ہے ناک (Nose) اور "Plasty" کا مطلب ہے شکل دینا یا تراش خراش کرنا (Shaping / Reshaping)۔[7]
3. **پلکوں کی سرجری (Blepharoplasty):** جس میں آنکھوں کی اوپری یا نچلی پلکوں کی جلد، پٹھے (muscles) یا چربی (fat) کو تراش کر یا نکال کر درست کیا جاتا ہے۔ آنکھوں کے گرد جھریاں ختم کرنا، پلکوں کے اوپر یا نیچے اضافی چربی یا ڈھیلی جلد کو ہٹانا، آنکھوں کو زیادہ جاذبِ نظر اور پرکشش بنانا، بڑھاپے کی علامات (Aging Signs) کو کم کرنا وغیرہ۔[8]
4. **چہرے کی جھریاں اور ڈھیلاپن (Facelift , Rhytidectomy):** لفظ Rhytidectomy یونانی الفاظ "rhytis" (یعنی جھری) اور "ectomy" (یعنی کاٹنا یا ہٹانا) سے ماخوذ ہے۔ یہ ایک قسم کی جمالیاتی سرجری ہے جس میں چہرے کی ڈھیلی جلد کو کھینچ کر اضافی جلد کو ہٹا دیا جاتا ہے، تاکہ جھریاں کم ہوں اور چہرہ جوان و تروتازہ دکھائی دے۔[9]
5. **ہونٹوں کو موٹا یا باریک کرنا (Lip Augmentation/Reduction):** یہ دونوں اصطلاحات ہونٹوں کی جمالیاتی سرجری (Lip Surgery) سے متعلق ہیں، جن کا مقصد ہونٹوں کی شکل، حجم اور تناسب کو بہتر بنانا[10].
6. **ہونٹوں کو بڑا کرنا (Lip Augmentation):** لفظ Augmentation کا مطلب ہے بڑھانا۔ اس سرجری میں ہونٹوں کو موٹا، بھرا ہوا یا نمایاں بنایا جاتا ہے۔ Injectable Fillers (جیسے Hyaluronic Acid) کے ذریعے ہونٹوں کو بھرا ہوا دکھانا۔ Fat Transfer → جسم کے دوسرے حصے سے چربی نکال کر ہونٹوں میں ڈالنا۔
7. **تھوڑی یا گالوں کی ساخت بہتر بنانا (Chin or Cheek Implants)**، یہ ایک قسم کی Facial Cosmetic Surgery ہے جس کا مقصد چہرے کے نقوش (Facial Features) کو زیادہ متوازن، نمایاں اور دلکش بنانا ہوتا ہے۔ اس سرجری میں تھوڑی (Chin) کو زیادہ

[6] Nahai, Foad, ed. *Cosmetic Surgery: Art and Techniques*. Berlin: Springer-Verlag, 2011. https://www.vedantu.com/biology/surgery, accessed July 15, 2025.
[7] Aston, Sherrell J., Douglas S. Steinbrech, and Jennifer L. Walden. *Aesthetic Plastic Surgery*. Philadelphia, PA: W. B. Saunders, 2009.
[8] Aston, Sherrell J., Douglas S. Steinbrech, and Jennifer L. Walden. *Aesthetic Plastic Surgery*.
[9] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*, 15:236.
[10] Aston, Sherrell J., Douglas S. Steinbrech, and Jennifer L. Walden. *Aesthetic Plastic Surgery*. Philadelphia, PA: W. B. Saunders, 2009.

نمایاں، سیدھی یا لمبی / چھوٹی کی جاتی ہے تاکہ چہرے کا توازن بہتر ہو۔اس میں گالوں کو زیادہ بھرا ہوا (Fuller) اور نمایاں (Contoured) بنایا جاتا ہے۔[11]

8. **جسم کی ساخت بہتر بنانا(Body Contouring Surgery)** سے مراد وہ سرجری ہے جس کے ذریعے جسم کی اضافی چربی، ڈھیلی یا لٹکی ہوئی جلد کو ہٹا کر جسم کی ساخت اور خدوخال (Shape & Contour) کو بہتر بنایا جاتا ہے۔ یہ زیادہ تر ان افراد پر کی جاتی ہے جن کا وزن بہت زیادہ کم ہو چکا ہو یا حمل، بڑھتی عمر اور موٹاپے کے بعد جسم کی جلد ڈھیلی ہو گئی ہو۔[12]

9. **جسم سے فالتو چربی نکالنا(Liposuction):** سے مراد ایک سرجری طریقہ ہے جس میں جسم کے مخصوص حصوں سے اضافی چربی (Fat) کو سکشن مشین کے ذریعے نکالا جاتا ہے تاکہ جسم کو زیادہ متناسب اور خوشنما شکل دی جا سکے۔

10. **کمر کولہوں یارانوں کی ڈھیلی جلد کو درست کرنا(Body Lift):** سے مراد ایک ایسی سرجری ہے جس کے ذریعے جسم کے نچلے یا اوپری حصے کی ڈھیلی، اضافی یا لٹکی ہوئی جلد اور چربی کو ہٹا کر جسم کے خدوخال (Contours) کو بہتر بنایا جاتا ہے۔ یہ سرجری خاص طور پر اُن افراد کے لیے کی جاتی ہے جنہوں نے بہت زیادہ وزن کم کیا ہو، یا بڑھتی عمر اور حمل کے بعد جلد لٹک گئی ہو۔

11. **سینے کی سرجری(Breast Surgery):** سے مراد چھاتی (Breast) کی ساخت، سائز یا شکل کو بہتر بنانے، بڑھانے، گھٹانے یا کسی بیماری کے علاج کے لیے کی جانے والی سرجری ہے۔ یہ صرف جمالیاتی (Cosmetic) مقاصد کے لیے نہیں بلکہ طبی (Medical) وجوہات کے لیے بھی کی جاتی ہے۔[13]

12. **چھاتی کو چھوٹا کرنا(Breast Reduction):** یہ ایک ایسی سرجری ہے جس میں چھاتی (Breast) کے اضافی چربی (Fat)، گلٹیوں (Glandular Tissue) اور ڈھیلی جلد کو ہٹا کر چھاتی کا سائز چھوٹا، ہلکا اور جسم کے تناسب کے مطابق بنایا جاتا ہے۔

13. **بغیر آپریشن کے جمالیاتی طریقے(Non-Surgical Cosmetic Procedures):** سے مراد وہ تمام طریقۂ علاج ہیں جو جمالیاتی (Cosmetic) مقاصد کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں مگر ان میں بڑی سرجری (Operation) شامل نہیں ہوتی۔ یعنی یہ ایسے طریقے ہیں جن سے جلد، چہرے اور جسم کی خوبصورتی بہتر بنائی جاتی ہے مگر مریض کو آپریشن تھیٹر میں لے جانے یا بڑے کٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔[14]

14. **جھریاں ختم کرنے کے لیے(Botox Injections):** ایک مشہور Non-Surgical Cosmetic Procedure ہے جس میں ایک خاص دوا (Botulinum Toxin Type-A) نہایت باریک سوئی کے ذریعے جلد کے نیچے پٹھوں (Muscles) میں لگائی جاتی ہے۔ اس کا مقصد چہرے یا جسم کے مخصوص حصوں کی جھریاں اور لکیریں عارضی طور پر ختم یا کم کرنا ہوتا ہے۔

[11] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*, 15:236.
[12] Chung, Kevin C., ed. *Grabb and Smith's Plastic Surgery*. 9th ed. Philadelphia: Wolters Kluwer, 2024.
[13] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*, 15:239; Janis, Jeffrey E., ed. *Essentials of Aesthetic Surgery*. New York: Thieme Medical Publishers, 2018.
[14] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*, 15:236.

**15. چہرے کو ابھرا ہوا اور پرکشش دکھانے کے لیے (Dermal Fillers):** جس میں جیل نما مادہ جلد کے نیچے انجیکشن کے ذریعے داخل کیا جاتا ہے تاکہ چہرے کو زیادہ بھرا ہوا (Volumized)، ہموار اور جوان دکھایا جاسکے۔ یہ جھریوں کو کم کرتا ہے اور ڈھیلی جلد کو سہارا دیتا ہے۔[15]

**16. داغ دھبے دور کرنے کے لیے (Laser Skin Resurfacing):** جس میں لیزر شعاعوں (Laser Beams) کے ذریعے جلد کی اوپری پرانی یا خراب تہہ کو ہٹا کر نئی اور صحت مند جلد کی افزائش کروائی جاتی ہے۔ اس عمل سے جلد زیادہ ہموار، جوان اور چمکدار نظر آنے لگتی ہے۔

**17. جلد کو نکھارنے کے لئے (Chemical Peeling):** جس میں جلد پر مخصوص کیمیائی محلول (Chemical Solution) لگایا جاتا ہے تاکہ پرانی، خراب یا مردہ جلد کی اوپری تہہ کو ہٹا کر نئی، نرم اور ہموار جلد کو اُبھرنے کا موقع دیا جائے۔[16]

**18. بال لگوانا (Hair Transplant):** سرجری کا ایسا طریقہ ہے جس میں جسم کے ایک حصے (عموماً سر کے پچھلے حصے یا اطراف) سے بالوں کے جڑوں (Hair Follicles) کو نکال کر اُن حصوں میں لگایا جاتا ہے جہاں بال کم یا بالکل نہیں ہوتے (گنج پن یا Thinning Areas)۔ اس کا مقصد قدرتی اور مستقل بالوں کی افزائش کو بحال کرنا ہے۔[17]

**مبحث سوم: پلاسٹک سرجری برائے تجمیل و تحسین کے حوالے سے فقہائے کرام کا نقطہ نظر**

خود کو حسین، جاذب نظر کم عمر لگنے کے لئے اگر کوئی پلاسٹک سرجری کراتا ہے تو اس کی اجازت نہیں ہوگی بلکہ یہ عند الشرع حرام ہے اور اللہ کی خلقت میں تبدیلی کے مماثل ہے لہذا احادیث میں اس قبیل کی کئی چیزوں کی ممانعت آئی ہے جو اس زمانہ میں عربوں کے درمیان حسن و جمال میں اضافہ کے ذریعہ تھیں، چنانچہ اللہ کے رسول نے ارشاد فرمایا:

قال: "لعن الله الواشمات والمستوشمات والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغيرات خلق الله۔[18]

آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ کی لعنت ہے ان عورتوں پر جو گودنے کا کام کرتی ہیں اور جو گودنے کرواتی ہیں، اور جو بھنویں باریک کرتی ہیں، اور جو خوبصورتی کے لیے دانتوں کے درمیان فاصلہ پیدا کرواتی ہیں، (یعنی) جو اللہ کی بنائی ہوئی تخلیق میں تبدیلی کرتی ہیں۔"

1. **شناخت چھپانے کے لئے پلاسٹک سرجری کا حکم**

مجرم کا اپنی شناخت کو چھپانے کے لئے پلاسٹک سرجری کرانا جائز نہیں، ایک تو وہ مجرم ہے اور دوسرا شناخت کو چھپانے میں دھوکہ دہی ہے۔ مظلوم کا ظالم کے خوف سے پلاسٹک سرجری کرانا یہ حالات پر مبنی ہے۔ اگر ظالم سے حد درجہ زیادہ ظلم کا خوف ہو تو ایسی صورت میں اس کے لئے گنجائش

---

[15] Royal College of Surgeons of England. *Professional Standards for Cosmetic Surgery*. London: RCSENG, 2016.

[16] Dean, N. R., K. Foley, and P. Ward. "Defining Cosmetic Surgery." *Australasian Journal of Plastic Surgery* 1, no. 1 (2018): 49.

[17] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*, 15:252.

[18] Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismāʿīl. *Al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ* (Nishapur: Dār al-Khilāfa al-ʿIlmiyya, 1330 AH), 1:2426.

ہونی چاہیے کہ وہ پلاسٹک سرجری کرائے لیکن معمولی قسم کا خوف ہو تو ایسی صورت میں سرجری کرانا جائز نہیں ہو گا۔ اگر ایسا عیب جس سے انسان بدہیت نظر آتا ہے، چاہے وہ عیب پیدائشی طور پر اس میں موجود ہو جیسے ہونٹ کا کٹا ہوا ہونا یا ناک کا ٹیڑھا ہونا یا، ہاتھ یا پاؤں میں پانچ کے بجائے چھ انگلیوں کا ہونا ایسے عیوب کی وجہ سے پلاسٹک سرجری اور آپریشن کی اجازت ہو گی۔ اگر آپریشن سے اس کا عیب دور ہو جاتا ہے اور وہ بدنی اعتبار سے بحال ہو جاتا ہے تو یہ بھی ایک طریقہ علاج ہے اور ایسا علاج کرنے کی اجازت ہو گی۔

إذا أراد الرجل أن يقطع إصبعاً زائدة أو شيئا آخر قال نصير: إن كان الغالب على من قطع مثل ذلك الهلاك فإنه لا يفعل وإن كان الغالب هو النجاة فهو في سعة من ذلك ۔ [19]

"اگر کوئی شخص اپنی کوئی زائد انگلی یا کوئی اور چیز کاٹنا چاہے تو نصیر نے کہا: اگر ایسے معاملے میں اکثر لوگوں کا حال یہ ہو کہ ان کی ہلاکت واقع ہو جاتی ہے تو یہ عمل نہ کیا جائے، اور اگر اکثر لوگوں کا حال یہ ہو کہ وہ بچ جاتے ہیں تو پھر اس میں وسعت ہے (یعنی کرنے کی اجازت ہے)۔"

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ غالب گمان شفا کے حصول کا اگر ہو تو اس طرح اقدام مستحسن ہو گا۔ اور اگر یہ عیب فطری اور پیدائشی نہیں ہے، بلکہ بعد میں کسی حادثہ کی وجہ سے پیدا ہوا ہے تو شرعا اس عیب کو دور کرنے کے لیے بھی آپریشن کی اجازت ہو گی، اس لیے کہ پیدائشی عیب کا دور کرنا بعض مرتبہ مشکل ہوتا ہے، حادثہ کے سبب عیب کا پیدا ہونا اور پھر اس کا دور کرنا بمقابلہ پیدائشی عیب کے زیادہ آسان اور اس کا علاج سہل الحصول ہوتا ہے، اس کی اجازت بدرجہ اولی ہو گی، اس لیے اس میں شفا کا یقین بمقابلہ اس کے زیادہ ہے۔

اور اگر ایسا عیب ہے جو فطری طور پر ہر شخص کے ساتھ عمر کے گذرنے کے ساتھ پیدا ہوتا ہی ہے، جسے عمر درازی کی وجہ سے جھریاں کا چہرہ پر پیدا ہونا تو اس عیب کو دور کرنے کے لیے آپریشن کی اجازت نہیں ہونی چاہئے، اس لیے کہ یہ عیب بڑھاپا کے ساتھ خاص ہے اس کو دور کرنے میں بظاہر دھوکہ دہی لازم آتی ہے، اس کی وجہ سے درحقیقت آدمی کی صحیح عمر کا پتہ چلنا دشوار ہو جاتا ہے، دوسرا شخص دھوکہ میں پڑ سکتا ہے اور یہ تجمل اور تزئین کے بھی قبیل سے ہے اور یہ صفت عورتوں کے ساتھ بھلی معلوم ہوتی ہے اور یہ ان کے ساتھ خاص ہے، اور ویسے بھی ہر بیماری کا علاج اللہ پاک نے نازل کیا ہے لیکن بڑھاپا کا علاج دنیا میں نہیں ہے۔ روایت ہے:

" لكل دائي دواء إلا الهرم فإنه لا دواء له " أو كما قال عليه الصلوة والسلام ۔ [20]

ہاں البتہ اگر ناک پیدائشی طور پر زیادہ کھڑی نہیں ہوتی ہے تو علاجا آپریشن کی اس بارے میں اجازت ہو گی۔ یہ صورت بھی جائز ہے علاج ایسا کرنے میں کوئی قباحت لازم نہیں آتی۔

معمولی جسمانی کمی و بیشی کے لیے بھی ایسے اقدامات کی اجازت ہو گی، اس لیے کہ بیماری کو دور کرنے کا کام شریعت میں ملتا ہے۔ اب وہ بیماری چاہیے معمولی ہو یا زیادہ علاج کی غرض سے، یہ اقدام کیا جا سکتا ہے۔ بعض دفعہ پلاسٹک سرجری اس مقصد سے ہوتی ہے کہ انسان کم عمر اور خوبصورت نظر آئے تاکہ اچھا رشتہ مل سکے تو اس مقصد کے لیے پلاسٹک سرجری کی اجازت نہیں ہو گی۔ حدیث میں آپ نے اپنے بال کے ساتھ دوسرے کے بال جڑوانے والے اور اپنا بدن گدوانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔

---

[19] *Fatāwā ʿĀlamgīrī*, 5:360.
[20] *Baḥr al-Rāʾiq*, 8:319.

بخاری شریف میں ہے:

**لمن الله الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة والواشرة والمستوشرة والنامصة والمتنمصة."[21]؛ ووصل الشعر بشعر الأدمی حرام سواء کان شعرها أو شعر غيرها -[22]**

اپنے بال کے ساتھ دوسرے کے بال جوڑنا تو حرام ہے ہی، اس لیے کہ دوسرے کے بال سے انتفاع جائز نہیں لیکن اپنے بال کے ساتھ بھی جائز نہیں، نہ مرد کے لیے اس کی اجازت ہے اور نہ ہی عورت کے لیے اس اقدام کی اجازت ہے۔

علامہ شامی آگے تحریر فرماتے ہیں کہ:-

اس میں دھوکہ دہی اور جھوٹ لازم آتا ہے **المافیه من التزویر** یہ تمام چیزیں ایسی ہیں جس میں انسان کی اصلیت مخفی رہ جاتی ہے اور کم عمری اور خوبصورتی کا دھوکہ لگ جاتا ہے اور بڑی عمر کا حق بھی کم عمر معلوم ہوتا ہے اور پھر زبان سے بھی یہ شخص اپنی عمر کم ہی بتلاتا ہے، سامنے والا سخت مغالطہ میں پڑ جاتا ہے لہذا یہاں پر پلاسٹک سرجری پر اقدام یہ شخص علاج نہیں کر رہا ہے بلکہ تزین و ارائش کر رہا ہے، اس کی اجازت دینے سے دوسرے بہت سے مفاسد کے باب کے کھلنے کا اندیشہ ہو گا، لہذا ایسے اقدام کی اجازت نہیں ہو گی۔[23]

2. **جسمانی عیوب و نقائص**

کو دور کرنے کے لیے پلاسٹک سرجری از روئے شرع جائز ہے، کیونکہ مقصود یہاں رفع عیب ہے اور اس میں تدلیس اور غش کا پہلو مفقود ہے لہذا یہ آپریشن برائے واقع عیب جائز ہے اور یہ پلاسٹک سرجری علاج کی قبیل سے ہے۔ معمولی جسمانی کمی بیشی کے لیے پلاسٹک سرجری کا حکم یہ ہے کہ جس کمی و بیشی کی وجہ سے معمولات انسانی میں کوئی فرق نہ پڑتا ہو یا کوئی بڑا عیب نہ ہو تو اس عیب کے ازالہ کے لیے آپریشن (پلاسٹک سرجری نہ کرنا اولی ہے بلکہ اس کمی بیشی کو قضاء و قدر تسلیم کر کے راضی رہنا بہتر ہے۔ انسان کے جسم کا کوئی ایسا نقص جس کی وجہ سے اس کی جسمانی ہیئت بد نمائی کی حد کو پہنچ جائے اور اس کی وجہ سے لوگوں میں اس کے لیے تنفر کی فضا پیدا ہو، ایسے عیب کا علاج درست ہے، اگر چہ اس کے لیے آپریشن کرنا پڑے گا۔ جس طرح مذکورہ بالا عیب کا آپریشن کے ذریعہ علاج درست ہے جبکہ عیب پیدائشی ہو اس طرح اس صورت میں بھی آپ آپریشن وغیرہ کے ذریعہ علاج کرنا درست ہے جبکہ اس قسم کا کوئی عیب کسی حادثے کی بنا پر پیدا ہو جائے۔

3. **عمر کی زیادتی کی وجہ سے چہرے پر پیدا ہونے وال جھریاں**

عمر کی زیادتی یا صحت کی کمزوری کی وجہ سے چہرے پر پیدا ہونے وال جھریاں ان کا علاج دوا وغیرہ سے تو درست ہے لیکن آپریشن کے ذریعے اس کا علاج درست نہیں ہے، اس لیے کہ یہ آپریشن کے ذریعہ ایسے عیب کو چھپانے کی سعی ہو گی جس سے آدمی کی عمر کا اندازہ لگایا جاتا ہے اور یہ ایک قسم کا دھوکہ ہے۔ البتہ ناک کان وغیرہ میں کوئی نقص ہو جو آپریشن کے ذریعہ دور ہو سکتا ہو تو اس کے لیے آپریشن میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جسم میں پائے جانے والے کسی نقص وغیرہ کے علاج و ازالہ کے لیے مریض ہی کے جسم کے کسی حصہ کا استعمال کرنا درست ہے جبکہ علاج کے لیے بھی متعین ہو جائے جیسا کہ اکیڈمی میں یہ بحث ہو چکی ہے۔ جسمانی عیوب و نقائص کو دور کرنے کے لیے اگر کسی مادہ کا استعمال کرنا مفید ہو خواہ پلاسٹک

[21] Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismāʻīl. *Al-Jāmiʻ al-Ṣaḥīḥ*, 1:2426.
[22] *Durr al-Mukhtār*, 9:454.
[23] Ibn ʿĀbidīn, Muḥammad Amīn, *Radd al-Muḥtār ʿalā al-Durr al-Mukhtār* (Beirut: Dār al-Fikr, 2000), 6: 373.

ہو یا اور کوئی چیز جیسے سونا یا چاندی وغیرہ درست ہے۔ جسم میں پائی جانے والی معمولی سی کمی کے لیے مذکورہ بالا آپریشن اور علاج کی شکلیں اختیار کرنا مستحسن و بہتر ہے۔

### 4. محض عمر کی کمی اور خوبصورتی کے اظہار کے لیے

محض عمر کی کمی اور خوبصورتی کے اظہار کے لیے جبکہ اس سے کوئی بے جا فایدہ اٹھانا بھی مقصود ہو پلاسٹک سرجری وغیرہ کی اجازت نہیں ہو گی ۔اپنی شناخت یا شخصیت کو چھپانے کے لیے بھی اس قسم کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ مذکورہ بالا دونوں شکلیں دھوکہ دہی کو مستلزم ہیں جس کے مفاسد ظاہر ہیں۔ کسی بھی چیز میں ایسی تبدیلی جس سے اس کی خلقت کا اصل مقصود فوت ہو تا ہو تو تغیر خلق کے زمرہ میں ہے کیونکہ اس سے اللہ کی تخلیق میں نقص آتا ہے جو کسی طرح درست نہیں لیکن اگر جسم کے کسی عضو کے کانٹ چھانٹ سے جسم میں نقص کے بجائے کمال پیدا ہو تا ہو یا جسم میں کوئی بیماری ہو تو اس کو کاٹ دینا تغیر خلق میں داخل نہیں ہے۔[24]

محض حسن و جمال میں اضافہ کے لیے اعضاء کی قطع و برید اس لیے کہ یہ ضرورت میں داخل نہیں ہے، جیسے عمر زیادہ ہونے کے باعث چہرے پر جھریاں پیدا ہو جانا اور اعضاء کی تخلیق کے حسن جمال میں کچھ کمی کا ہونا جیسے ناک کا پیدائشی طور پر زیادہ کھڑی ہونا وغیرہ اس طرح کے معمولی عیب کو دور کرنا ضرورت میں داخل نہیں ہے، اس لیے آپریشن کی اجازت نہ دینا ہی درست معلوم ہو تا ہے، انسان کے اندر اگر ایسا کوئی پیدائشی عیب ہے جو عام قانون فطرت کے خلاف ہے تو اس کو دور کرنے کے لئے **احناف** کے نزدیک آپریشن جائز ہے جیسے ہونٹ کا کٹا ہونا، ناک ٹیڑھی ہونا، ہاتھ پاؤں میں پانچ کے بجائے چھ انگلیوں کا ہونا۔ **مالکیہ** نے اس مسئلہ میں ضرر و الم کو بنیاد بنایا ہے یعنی اگر زائد دانت یا زائد انگلی مبتلا بہ کے لئے باعث ضرر ہے تو آپریشن کے ذریعہ اس کی اصلاح جائز ہے ورنہ تغییر فی خلق اللہ ہونے کی وجہ سے اس کی اجازت نہیں۔

* اس کی پہلی دلیل یہ ہے کہ شیطان نے اللہ تعالی کے سامنے سے دھتکارے جانے کے بعد کہا تھا کہ میں لوگوں کو حکم دوں گا کہ اللہ تعالی کی خلقت میں تغیر کریں۔[25] اور یہ تمام اعمال اللہ تعالی کی خلقت میں تغیر ہیں۔
* دوسری بات یہ ہے کہ اس میں ضرورت کے بجائے نفسانی خواہشات کا دخل ہے، یعنی خوبصورت بننا بوڑھا نہ دکھنا جوان دکھنا وغیرہ۔ کرنے والا قرار دیا ہے۔
* تیسری بات یہ ہے کہ رسول اللہ نے تو حسن کے لیے دانتوں کے درمیان مصنوعی فصل پیدا کرنے والیوں کو بھی خلقت ربانی میں تغیر لمن المتفلجات للحسن المغیرات خلق اللہ"[26]. اس حدیث شریف میں آپ نے دو باتیں جمع فرمادیں: حسن اور تغییر خلقت اور اس قسم کی سرجری میں یہ دونوں باتیں داخل ہیں، لہذا یہ بھی وعید میں داخل ہو گی اور شرعا ممنوع ہو گی۔
* چوتھی بات یہ ہے کہ یہ سب دھوکے اور فریب کے لیے کیا جاتا ہے تاکہ دوسرے کو ایسا لگے کہ یہ محترم یا محترمہ کم عمر، خوبصورت اور نوجوان ہیں۔

---

[24] *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*, 15:253.
[25] Al-Qur'ān, al-Nisā', 4:119.
[26] Muslim ibn Ḥajjāj, Abū al-Ḥasan. *Ṣaḥīḥ Muslim* (Beirut: Dār al-Kutub al-'Ilmiyya, 1421 AH/2000 CE), 1:2050.

کسی انسان کے جسم میں پائے جانے والے عیب کی وجہ سے اس کے جسم کے کسی حصہ کا گوشت یا چیڑا یا ہڈی یا کوئی دوسرا اجزء اس کے جسم کے دوسرے حصہ میں لگانا، تاکہ وہ عیب دور ہو جائے یا بیماری کا ازالہ ہو جائے، یہ جائز ہے بشرطیکہ ایسا کرنے میں ضرر کا اندیشہ نہ ہو، ورنہ عیب اور بیماری کے ازالہ کے بجائے امالہ ہو گا اور جواز کی وجہ یہ ہے کہ فقہاء کرام نے عورت کا دودھ جو انسانی جزء ہی ہے علاج کے طور پر استعمال کی اجازت دی ہے۔

**لا بأس بأن يسعط الرجل بلبن المرأة وشربه للدواء۔**[27]

"اس میں کوئی حرج نہیں کہ کسی مرد کو عورت کا دودھ بطورِ علاج ناک کے ذریعے پلایا جائے یا پیا جائے۔"

اگر جسمانی عیوب، عیوب ونقائص کی قسم کے ہیں یا ان کی وجہ سے کوئی جسمانی تکلیف ہے، تو پلاسٹک سرجری کرانے کی اجازت ہے۔ **ومفهومه أن المفعول لطلب الحسن هو الحرام فلو احتيج إليه لعلاج أو عيب في السن ونحوه فلا بأس۔**[28] ایسی معمولی جسمانی کمی و بیشی جو اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ کا مظاہرہ کرتے ہوئے انسانوں کی شکل وصورت اور اعضا کی وضع وساخت میں فطری اور پیدائشی طور پر رکھی ہے، اس کے لیے پلاسٹک سرجری کروانا غیر مستحسن اور ناجائز ہے۔ **والمتفلجات للحسن يفهم منه أن المذمومة من فعلت ذلك لأجل الحسن۔**[29]

اسلام ایک فطری مذہب ہے، اس نے انسان کی فطرت کا لحاظ کرتے ہوئے زیب وزینت کی اجازت دی ہے۔ اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتا ہے " **يا بني آدم خذوا زينتكم عند كل مسجد وكلوا واشربوا ولا تسرفوا إن الله لا يحب المسرفين**"۔[30] اسی طرح عورتوں کے لیے ہاتھ، پاؤں، ہونٹ، رخسار وغیرہ پر کسی خاص قسم کے رنگین کریم کا استعمال کرنے کی اجازت دی ہے، **لا ينبغي للصغير ان يخضب يده بالحناء لأنه تزين و أنه يباح للنساء دون الرجال** "۔[31] اس طرح آپ نے صفائی وستھرائی، اچھے کپڑے پہنے، بالوں کی آرائش، وضع قطع کی اصلاح اور خواتین کے لیے ریشم اور شوخ رنگ کے کپڑے نیز زیورات کو جائز رکھا ہے۔

لیکن دوسری طرف جذبہ آرائش میں تکلف اور مبالغہ آمیز حد تک تزئین کو منع فرمایا ہے، اسی طرح ایسی زینت کو ناپسند کیا ہے جس سے جسم میں فطری خلقت میں تبدیلی ہو۔ درجہ بالا روایات سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ زینت کے لیے پلاسٹک سرجری کروانا جائز نہ ہوگا، اس لیے فطری طور پر جو عیب پیدا ہو جاتا ہے، جیسے عمر کے زیادہ ہو جانے کی وجہ سے چہرہ پر جھریاں پیدا ہو جانے کی وجہ سے اس کو دور کرنے کے لیے اسی طرح پستان یا ناک، کان، یا ہونٹ کو چھوٹا یا پتلا کرنے کے لیے پلاسٹک سرجری کرانا جائز نہ ہوگا، اس طرح انسان کو کم عمر دکھانے کے لیے تاکہ اچھا رشتہ لگ سکے، اس کے لیے بھی پلاسٹک سرجری کرانا جائز نہ ہوگا اس لیے کہ محدثین نے "متفلجات" اور "وشر" کی تعریف میں اس کو بھی داخل کیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ ایک قسم کا دھوکہ دینا ہے اور دھوکہ دینا جائز نہیں۔ اس کے علاوہ اس میں ایک بڑی رقم صرف ہوتی ہے، جو ایک طرح کا اسراف ہے، اس لیے یہ جائز نہ ہوگا۔ محض حسن و جمال میں اضافہ کے لئے اعضاء کی سرجری درست نہ ہوگی، اسلئے کہ یہ کوئی ضرورت نہیں لیکن تحصیل حسین اور زینت کے لیے کان چھیدنا مہندی لگانا، ناخن تراشنا بال صاف کرنا بال کتروانا او نچھیں تراشنا، داڑھی سنوارنا

[27] *Fatāwā al-Hindiyya*, 5:355.
[28] *Irshād al-Sārī Sharḥ Ṣaḥīḥ al-Bukhārī*, 12:610.
[29] Ibn Ḥajar, Aḥmad ibn ʻAlī al-ʻAsqalānī. *Fatḥ al-Bārī Sharḥ Ṣaḥīḥ al-Bukhārī* (Cairo: Al-Maktaba al-Salafiyya, n.d.), 10:385.
[30] Al-Qur'ān, al-Aʻrāf, 7:22.
[31] *Khulāṣat al-Fatāwā*, 230.

وغیرہ اسی طرح جسمانی اصلاح کے لیے ختنہ کرانا زائد انگلی کٹوانا عورت کا اپنے چہرے پر اُگے ہوئے داڑھی مونچھوں کے بال صاف کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

امام نووی تحریر فرماتے ہیں:

**،تم توفيه إشارة إلى أن الحرام بو المفعول لطلب الحسن أما لو احتاجت إليه السلام أو عيب في السن ونحوه فلا باس ۔** [32]

اس میں اشارہ اس طرف ہے کہ خوبصورتی کیلئے پلاسٹک سرجری وغیرہ کرانا حرام ہے لیکن اگر علاج کے لئے یا عیب دور کرنے کے لئے پلاسٹک سرجری وغیرہ کرواتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی ایسا عیب ہے، جو بغیر سرجری کے صحیح نہیں ہو سکتا ہے تو اس عیب کو دور کرنے کیلئے اسے سرجری کرنے کی اجازت ہوگی اور اگر معمولی عیب جو بغیر سرجری کے ٹھیک ہو سکتا ہے تو اسکی اجازت نہیں ہوگی۔ بعض دفعہ پلاسٹک سرجری اس مقصد سے ہوتی ہے کہ انسان کم عمر اور خوبصورت نظر آئے تاکہ اچھا رشتہ لگ سکے کیا اس مقصد کے لئے پلاسٹک سرجری کی شریعت جازت دیتی ہے؟ ایک عورت اللہ کے رسول کے پاس آئی اور کہا: یا رسول اللہ امیری بیٹی کو بخار ہوا جس سے اس کے سر کے بال اُڑ گئے تو کیا میں اس کے سر میں دوسرے انسان کے بال لگادوں؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا دوسرے کے بال لگانے والی اور لگوانے والی پر اللہ کی لعنت ہو۔

**والظاهر أن المحرم إنما هو وصل الشعر بالشعر لما فيه من التدليس واستعمال المختلف في نجاست والي ذلك لا يحرم لعدم ذلك المعاني فيها وحصول المصلحة تحسين المرأة لزوجها من غير مضرة**

بالوں کو بال سے جوڑنا حرام ہے، دھوکہ دہی واحرام کے ایک تو اس میں دھوکہ دی ہے دوسرے اس میں ایک ایسی چیز کا استعمال کرنا ہے جس کے ناپاک ہونے اور نہ ہونے میں اختلاف ہے اس کے دوسری صورتیں حرام نہیں کہ اس میں حرمت کی یہ علت موجود نہیں اور کسی قدر کے بغیر یہ مصلحت بھی حاصل ہو جاتی ہے کہ عورت شوہر کے لئے آپ کو آراستہ و پیراستہ کرلے۔ حضرت اسماء کی روایت ہے:

**"الف امرأة جائت إلى رسول الله ﷺ فقالت: يا رسول الله إن في ابنة عربياً لسابتها الحصبة فتمزق شعرها أفأصلها ؟ فقال عليه السلام لمن الله الواصلة والمستوصلة"۔** [33]

ایک عورت اللہ کے رسول کے پاس آئی، اس نے کہا: اے اللہ کے رسول بے شک میری ایک بیٹی عریس ہے، اس کو بالوں کے جھڑنے کی بیماری ہوگئی ہے، جس سے اس کے بال جھڑ گئے ہیں تو کیا میں اس کے سر میں دوسرے بال لگادوں؟ اللہ کے رسول نے فرمایا بال لگانے والی اور لگوانے والی، دولوں پر اللہ کی لعنت ہو۔

معمولی جسمانی کمی و بیشی کے لیے پلاسٹک سرجری جیسے اقدامات مستحسن نہیں ہونگے، اس لئے کہ ایسی صورت میں پلاسٹک سرجری ضرورت وحاجت میں سے کسی کے زمرہ میں نہیں آتی، بلکہ یہ تحسینی عمل کیلئے شرعاً ممنوع شئی کا ارتکاب درست نہیں ہوتا ہے، اور نیز معمولی کمی و بیشی سے اصل خلقت متاثر نہیں ہوتی ہے کہ اس کے جواز کی گنجائش نکل سکے۔ بعض دفعہ پلاسٹک سرجری اس مقصد سے ہوتی ہے کہ انسان کم عمر اور

[32] Al-Nawawī, Muḥyī al-Dīn. *Sharḥ Ṣaḥīḥ Muslim* (Beirut: Dār al-Fikr, 1401 AH/1981 CE), 2:205.
[33] Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismāʿīl. *Al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ*, 1:1307.

خوبصورت نظر آئے۔ یہ مقصد شریعت مطہرہ کے مزاج و مذاق سے میل نہیں کھاتا ہے، بلکہ یہ مصنوعی عمل شرعاً دھوکا اور تدلیس ہوگا، اور تدلیس کا عمل شرعاً حرام ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ تحسینی عمل ہے، اور تحسینی عمل درست ہونے کے لئے ضروری ہے کہ مقصد درست اور شرعاً معتبر ہو اللہ تعالیٰ نے اس عمل کو شیطان کا عمل قرار دے کر ناجائز و حرام قرار دیا ہے۔[34]

**خلاصہ بحث**

یہ مطالعہ ظاہر کرتا ہے کہ جمالیاتی سرجری جدید طب کا ایک اہم شعبہ ہے جو خود اعتمادی اور معاشرتی روابط کو بہتر بنا سکتا ہے، لیکن اس کا استعمال اسلامی اصولوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ قرآن مجید اور فقہی آراء اس بات پر زور دیتی ہیں کہ انسانی جسم اللہ کی امانت ہے، اور اس میں تبدیلی صرف شرعی جواز (مثلاً طبی ضرورت) کی صورت میں جائز ہے۔ غیر ضروری سرجری یا محض ظاہری حسن کے لیے تبدیلی "تغییر خلق اللہ" کے زمرے میں آسکتی ہے، جو ناپسندیدہ ہے۔ تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ جمالیاتی سرجری کے فیصلے احتیاط، تحقیق، اور شرعی رہنمائی کے ساتھ کرنے چاہئیں تاکہ نفسیاتی اور اخلاقی نقصانات سے بچا جا سکے۔ شرعی حدود کے اندر رہتے ہوئے، یہ سرجری افراد کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا سکتی ہے، بشرطیکہ اس کا مقصد خود پسندی نہ ہو۔

**تجاویز و سفارشات**

* جمالیاتی سرجری سے پہلے شرعی ماہرین سے مشورہ کیا جائے تاکہ اس کی جوازیت معلوم ہو۔
* سرجری کے نفسیاتی اور معاشرتی اثرات پر مکمل تحقیق کی جائے۔
* غیر ضروری سرجری سے گریز کیا جائے اور صرف طبی ضرورت کے لیے اسے اختیار کیا جائے۔
* سرجری کے فیصلے میں ڈاکٹروں سے دوسری رائے لی جائے تاکہ بہتر نتائج حاصل ہوں۔
* عوام میں جمالیاتی سرجری کے شرعی اور اخلاقی حدود کے بارے میں شعور اجاگر کیا جائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## Bibliography/کتابیات


* Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismā‘īl. *Al-Jāmi‘ al-Ṣaḥīḥ*. Nishapur: Dār al-Khilāfa al-‘Ilmiyya, 1330 AH.
* Al-Bukhārī, Muḥammad ibn Ismā‘īl. *Al-Jāmi‘ al-Ṣaḥīḥ*. Beirut: Dār al-Kutub al-‘Ilmiyya, 1421 AH/2000 CE.
* Aston, Sherrell J., Douglas S. Steinbrech, and Jennifer L. Walden. *Aesthetic Plastic Surgery*. Philadelphia, PA: W. B. Saunders, 2009.
* Chung, Kevin C., ed. *Grabb and Smith's Plastic Surgery*. 9th ed. Philadelphia: Wolters Kluwer, 2024.
* Dean, N. R., K. Foley, and P. Ward. “Defining Cosmetic Surgery.” *Australasian Journal of Plastic Surgery* 1, no. 1 (2018): 49.
* *Fatāwā ‘Ālamgīrī*. Vol. 5. Beirut: Dār al-Kutub al-‘Ilmiyya, n.d.
* *Fatāwā al-Hindiyya*. Vol. 5. Beirut: Dār al-Kutub al-‘Ilmiyya, n.d.
* Ibn Ḥajar, Aḥmad ibn ‘Alī al-‘Asqalānī. *Fatḥ al-Bārī Sharḥ Ṣaḥīḥ al-Bukhārī*. Cairo: Al-Maktaba al-Salafiyya, n.d.


[34] Ibn Ḥajar, *Fatḥ al-Bārī*, 10:439.

- Ibn Manẓūr, Muḥammad ibn Mukarram. *Lisān al-ʻArab*. Beirut: Dār Ṣādir, 1416 AH/1995 CE.
- *Irshād al-Sārī Sharḥ Ṣaḥīḥ al-Bukhārī*. Vol. 12. Cairo: Al-Maktaba al-Salafiyya, n.d.
- *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*. Karachi: Dār al-Ishāʻat, Urdu Bazar, 1438 AH/2017 CE.
- Janis, Jeffrey E., ed. *Essentials of Aesthetic Surgery*. New York: Thieme Medical Publishers, 2018.
- *Khulāṣat al-Fatāwā*. Karachi: n.p., n.d.
- Muslim ibn Ḥajjāj, Abū al-Ḥasan. *Ṣaḥīḥ Muslim*. Beirut: Dār al-Kutub al-ʻIlmiyya, 1421 AH/2000 CE.
- Nahai, Foad, ed. *Cosmetic Surgery: Art and Techniques*. Berlin: Springer-Verlag, 2011. https://www.vedantu.com/biology/surgery, accessed July 15, 2025.
- Al-Nawawī, Muḥyī al-Dīn. *Sharḥ Ṣaḥīḥ Muslim*. Beirut: Dār al-Fikr, 1401 AH/1981 CE.
- Al-Qur'ān, al-Aʻrāf, 7:22.
- Al-Qur'ān, al-Nisā', 4:119.
- Royal College of Surgeons of England. *Professional Standards for Cosmetic Surgery*. London: RCSENG, 2016.
- Shahbāz, Abū al-Ḥaq Iḥsān al-Ḥaq. *Islām, ʻAurat aur Europe*. Lahore: Dār al-Andalus, Chowburji, January 2009.
- *Baḥr al-Rā'iq*. Vol. 8. Cairo: Dār al-Kitāb al-Islāmī, n.d.
- *Durr al-Mukhtār*. Vol. 9. Cairo: Shirkat Maktaba wa Maṭbaʻat Muṣṭafā al-Bābī al-Ḥalabī, n.d.
- Uthmānī, Muftī Muḥammad Shafīʻ. *Jadīd Fiqhī Mubāḥiṣ*. Karachi: Dār al-Ishāʻat, Urdu Bazar, 1438 AH/2017 CE.